## کیا ملازم ہونا بہتر ہے؟

دونوں صورتوں میں کام پر حقوق اور حالات کا موازنہ کریں:

| خودمختار کانٹریکٹر | ملازم |
|---|---|
| ✘ کوئی کم از کم معاوضہ نہیں ہوتا (سوائے اس کے کہ کانٹریکٹ میں کچھ طے ہو جبکہ کانٹریکٹ زبانی یا تحریری یا زبانی و تحریری دونوں قسم کا ہو سکتا ہے) | ✓ کم از کم اجرت |
| ✘ اوور ٹائم کام یا ویک اینڈ یا عوامی تعطیلات پر کام کرنے کا اضافی معاوضہ نہیں ملتا (سوائے اس کے کہ کانٹریکٹ میں کچھ لکھا گیا ہو) | ✓ اکثر، اوور ٹائم کے معاوضے اور ویک اینڈ اور عوامی تعطیلات کے پینلٹی ریٹس کا حق ہوتا ہے |
| ✘ تنخواہ کے ساتھ رخصت نہیں ملتی ہو (سوائے اس کے کہ کانٹریکٹ میں کچھ طے ہو) | ✓ بیماری کی چھٹیاں یا تفریحی چھٹیاں لینے کا حق (لیکن زیادہ تر کیژوئل ملازمین کو یہ حق حاصل نہیں ہوتا) اور عام طور پر یہ چھٹیاں تنخواہ کے ساتھ ملتی ہیں |
| ✘ کبھی کبھار، سپرایَنوئیشن نہیں ملتی | ✓ آجر آپ کی سپرایَنوئیشن ادا کرنے کا پابند ہے (سوائے بعض نہایت محدود حالات کے) |
| ✘ کبھی کبھار، ورکرز کے حادثات یا بیماری کا معاوضہ (WorkCover) نہیں ملتا، سوائے اس کہ آپ خود اپنی انشورنس کا خرچ ادا کرتے ہوں | ✓ آجر WorkCover انشورنس کا خرچ ادا کرنے کا پابند ہے اور آپ کو کام کی وجہ سے حادثے یا بیماری کی صورت میں تنخواہ کے ساتھ رخصت یا معاوضہ مل سکتا ہے |
| ✘ اگر آپ کا کلائنٹ کانٹریکٹ ختم کر دے تو آپ فیئر ورک کمیشن کے پاس غیر منصفانہ برطرفی کا کلیم نہ کر سکتے ہوں | ✓ اگر آپ کا آجر آپ کو کام سے نکال دے یا آپ کو کام چھوڑنے پر مجبور کرے تو ممکن ہے آپ فیئر ورک کمیشن سے رجوع کر کے اپنی برطرفی کو چیلنج کر سکتے ہوں |

کبھی کبھار آجر اپنے یہاں کام کرنے والوں کو بتاتے ہیں کہ وہ خودمختار کانٹریکٹرز ہیں جبکہ اصل میں وہ ملازم ہوتے ہیں۔ برے آجر یہ جان بوجھ کے کرتے ہیں تاکہ وہ ورکرز کو ان کے حقوق کے مطابق تنخواہ اور حالات فراہم کرنے سے بچ جائیں۔ یہ قانون کے خلاف ہو سکتا ہے۔

## میرے خیال میں مجھے ABN پر کام نہیں کرنا چاہیے۔ میں کیا کروں؟

اگر آپ کو کوئی گڑبڑ لگ رہی ہو تو ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ آپ:

- ہمیں 6710 7009 (03) پر کال کر سکتے ہیں
- ہماری ویب سائیٹ پر اپائنٹمنٹ لے سکتے ہیں:
  migrantworkers.org.au/get_help

### آپ ابھی فوراً کیا کر سکتے ہیں:

- اپنے باس سے تحریری کانٹریکٹ مانگیں جس میں آپ کے کام کی شرائط واضح ہوں
- اپنے کام سے تعلق رکھنے والے تمام کانٹریکٹس، انوائسز، خطوط، میسیجز اور ای میلز محفوظ کر لیں
- اگر آپ کی اپنے باس کے ساتھ کوئی میٹنگز اور فون کالز ہوئی ہوں تو ان کے نوٹس رکھیں اور تاریخ اور وقت بھی لکھ لیں
- ان تمام کاموں کا ریکارڈ رکھیں جو آپ کو کرنے کی ہدایت کی گئی ہو
- کام کی ہر شفٹ کی تاریخ، وقت اور مقام کا ریکارڈ رکھیں

MIGRANT WORKERS CENTRE

/mwcvic
@mwcvic
@mwcvic

migrantworkers.org.au
mwc@migrantworkers.org.au
03 7009 6710

ہم آپ کو جو معلومات دیتے ہیں، ہم ان کے سلسلے میں احتیاط برتتے ہیں لیکن ہم ان معلومات کے درست، قابل اعتبار، حالیہ یا مکمل ہونے کی ضمانت نہیں دے سکتے۔ یہاں دی گئی معلومات خلاصے کی شکل میں ہیں اور یہ محض عمومی معلومات ہیں، نہ کہ قانونی مشورہ۔ یہ آپ کی ذاتی صورتحال پر منحصر ہو گا کہ ان معلومات کا اطلاق آپ پر کیسے ہوتا ہے۔ اپنی صورتحال کے مطابق خاص مشورہ لینے کے لیے، اور ان معلومات کی بنیاد پر کوئی فیصلہ کرنے سے پہلے، آپ کو اپنی یونین، وکیل یا کسی اور پیشہ ور صلاح کار سے بات کرنی چاہیے۔ اگر آپ یہ مفت اور رازدارانہ مدد لینا چاہیں کہ تازہ معلومات اور خاص اپنے حالات میں مشورہ لینے کے لیے آپ کو کس سے بات کرنی چاہیے تو ہم سے رابطہ کریں۔



اُردُو

Urdu

# کیا مجھے ABN پر کام کرنا چاہیے؟

**ABNs کو سمجھنا کام کی جگہ میں**

MIGRANT WORKERS CENTRE



## ABN سے کیا مراد ہے؟

ABN کا مطلب ہے، آسٹریلین بزنس نمبر۔ ABN کاروباروں (اور کچھ خودمختار کانٹریکٹرز) کے لیے ایک شناختی نمبر ہوتا ہے جس سے حکومت، دوسرے کاروبار اور عوام انہیں شناخت کر سکتے ہیں۔

## کیا میں خودمختار کانٹریکٹر ہوں یا ملازم ہوں؟

کئی لوگ اپنے ذاتی کاروبار کے ذریعے دوسرے لوگوں کو خدمات مہیا کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر سارہ ہر ہفتے کئی کلائنٹس کو ماہرانہ باغبانی کی خدمات فراہم کرتی ہے اور ہر کلائنٹ سے فیس لیتی ہے جو وہ اپنے پاس رکھتی ہے۔ سارہ ایک خودمختار کانٹریکٹر ہے اور اسے ABN لینے کا حق ہو سکتا ہے۔

کچھ دوسرے لوگ کسی اور کے ملکیتی کاروبار میں ایمپلائی یعنی ملازم کی حیثیت سے کام کرتے ہیں یعنی ان کا آجر کاروبار کا مالک ہوتا ہے۔ ملازم کو اپنے آجر کو اپنا ٹیکس فائل نمبر (TFN) دینا چاہیے۔ آجروں کو ان لوگوں سے ABN کا مطالبہ نہیں کرنا چاہیے جو اصل میں ان کے ملازم ہوں۔

ان دونوں حالات میں فرق کو سمجھنے کے لیے آپ کو کچھ عوامل سے مدد مل سکتی ہے

یہ چیک لسٹ صرف رہنمائی کے لیے ہے۔ ضروری نہیں کہ آپ کے خودمختار کانٹریکٹر یا ملازم ہونے کا فیصلہ اس سے ہو کہ کسی ایک طرف لکھے کتنے عوامل موجود ہیں۔ تمام عوامل کو ایک ساتھ سامنے رکھنا ضروری ہو گا۔ اگر آپ طے نہ کر سکتے ہوں تو مائیگرنٹ ورکرز سنٹر مدد کر سکتا ہے۔

| مندرجہ ذیل حالات میں آپ غالباً خودمختار کانٹریکٹر ہیں: | مندرجہ ذیل حالات میں آپ غالباً ایمپلائی (ملازم) ہیں اور آپ کو اپنا ٹیکس فائل نمبر آجر کو دینا چاہیے: |
|---|---|
| ☐ آپ کا ذاتی کام ہے – آپ کنٹرول کرتے ہیں کہ آپ کیا کام کریں گے (جیسے اگر وقت آپ کے لیے مناسب نہ ہو یا فاصلہ زیادہ ہو تو آپ کلائنٹ کو انکار کر سکتے ہوں) | ☐ آپ کسی اور کے لیے کام کرتے ہیں – آپ کا آجر کنٹرول کرتا ہے کہ:<br>آپ کیا کام کریں گے اور کیسے کریں گے<br>آپ کن گھنٹوں میں کام کریں گے<br>آپ کہاں کام کریں گے (عام طور پر یہ وہی مقام ہوتا ہے جہاں آپ کا سپروائزر کام کرتا ہو |
| ☐ آپ خود اوقات طے کر کے ان اوقات میں مختلف لوگوں کو خدمات فراہم کر سکتے ہیں | ☐ جن اوقات میں آپ کا آجر آپ سے اپنے یہاں کام کرنے کی توقع رکھتا ہے، آپ دوسروں کے لیے کام نہیں کر سکتے |
| ☐ آپ عوام کے لیے اپنی خدمات مشتہر کرتے ہیں | ☐ آپ کا آجر اپنی خدمات کو مشتہر کرتا ہے |
| ☐ آپ اپنے اوزار اور آلات استعمال کرتے ہیں | ☐ آپ کا آجر آپ کو استعمال کرنے کے لیے اوزار اور آلات دیتا ہے |
| ☐ آپ اپنا کام آگے کسی اور کے سپرد کرنے (اور اس کے لیے ادائیگی کرنے) کا فیصلہ کر سکتے ہیں | ☐ آپ کا آجر طے کرتا ہے کہ آیا وہ کام کا کچھ حصہ کسی اور سے کروانا چاہتا ہے |
| ☐ اگر اس کام کے لیے کوئی یونیفارم ہے تو آپ یونیفارم چنتے ہیں | ☐ آپ کا آجر آپ کو یونیفارم دیتا ہے |
| ☐ آپ اپنے بزنس کارڈز بنواتے ہیں | ☐ آپ کے بزنس کارڈز پر بھی آپ کے آجر کا نام لکھا ہوتا ہے |
| ☐ آپ اپنے ٹیکس اور سپرانیوئیشن کے تمام معاملات خود سنبھالتے ہیں | ☐ آپ کا آجر آپ کی تنخواہ سے ٹیکس کاٹتا ہے اور آپ کی سپرانیوئیشن میں رقم ڈالتا ہے |
| ☐ آپ کی خدمات کے لیے جس شخص نے ادائیگی کرنے کا اقرار کیا ہو، آپ کو اسے اپنی فراہم کردہ چیزوں اور خدمات کی تفصیل کے ساتھ اپنا انوائس بھیجنے کے بعد پیسے ملتے ہیں | ☐ آپ کا آجر آپ کے کام کے گھنٹوں کے لیے باقاعدگی سے ادائیگی کرتا ہے، چاہے آپ نے کوئی بھی کام انجام دیے ہوں یا آپ کے کام کا نتیجہ کچھ بھی رہا ہو (سوائے اس کے کہ آپ فی کام ریٹ (piece rates)، کمیشن یا بونس لیتے ہوں) |
| ☐ آپ خود فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ بیماری کی صورت میں کام نہیں کریں گے یا آپ کو تفریحی چھٹیاں لینے کی ضرورت ہے، یہ جانتے ہوئے کہ آپ کی آمدنی کا حرج ہو سکتا ہے | ☐ آپ کا آجر آپ کے بتانے پر آپ کی بیماری کی رخصت اور تفریحی چھٹیاں منظور کرتا ہے اور عام طور پر یہ چھٹیاں تنخواہ کے ساتھ ملتی ہیں |
| ☐ آپ اپنے کاروبار کے اخراجات جیسے انشورنس کا خرچ خود ادا کرتے ہیں، اور آپ کاروباری اخراجات کے بعد بچنے والا منافع خود رکھتے ہیں | ☐ آپ کا آجر کاروبار کے اخراجات جیسے آپ کی اجرت اور انشورنس ادا کرتا ہے، اور آپ کا آجر منافع اپنے پاس رکھتا ہے |
| ☐ اگر آپ کے کام میں کوئی مسئلہ ہو جائے یا اگر کاروبار کامیابی سے نہ چل رہا ہو تو آپ کو مالی نقصان ہو سکتا ہے | ☐ آپ کو آپ کے کام کے معیار یا مقدار سے قطع نظر کام کا معاوضہ ملتا ہے (سوائے اس کے کہ آپ فی کام ریٹ (piece rates)، کمیشن یا بونس لیتے ہوں)، اور اگر کاروبار میں نقصان ہو تو آپ کا آجر نقصان برداشت کرتا ہے |